بارکلیز کرایہ کی سائیکلز



بارکلیز کرایہ کی سائیکلز میں خوش آمدید

بارکلیز کرایہ کی سائیکلز میں دونوں خوبیاں ہیں کہ یہ آسان اور استعمال میں دلچسپ ہے اور مرکزی لندن کے گرد مختصر چکر لگانے کے لیے مثالی ہیں۔ دن کے 24 گھنٹے، سال کے ہر دن، آپ کے استعمال کے لیے سینکڑوں اتصالی سٹیشنز اور ہزاروں سائیکلیں موجود ہیں۔ بکنگ کی کوئی ضرورت نہیں، محض سائیکل کرائے پر لیں اور سواری کریں۔ تقریبا ہر 300 میٹر کے فاصلے پر موجود اتصالی سٹیشنز کی وجہ سے آپ کسی سائیکل تک پہنچ سے کبھی بھی زیادہ دور نہیں ہوں گے۔

دن کے دوران میٹنگز پر نکلنے کے لیے، شاپنگ کے لیے، لندن کی دلچسپ جگہیں دیکھنے کے لیے یا بطور ورزش کے لیے بارکلیز کرایہ کی سائیکلز مثالی ہے۔

اس سکیم سے مستفید ہونے کے لیے، آپ کو مختصر رسائی فیس بمعہ استعمال کے اخراجات ، جو اس پر منحصر ہیں کہ آپ کو کتنا لمبا سفر کرنا ہے، ادا کرنا ہوتا ہے ہوتے ہیں ۔ آپ اپنے منتخب کردہ رسائی کے عرصہ میں لامحدود سفر کر سکتے ہیں اور 30 منٹوں سے کم تمام سفر میں استعمال کے اخراجات لاگو نہیں ہیں۔

رسائی (24 گھنٹوں یا 7 دن کے لیے) خریدنے کے لیے بارکلیز کرایہ کی سائیلکز کے کسی بھی اتصالی سٹیشن کے ٹرمینلز تک چل کے جائیں اور شروعات کے لیے ٹچ سکرین استعمال کریں۔

میں ایک سائیکل کرایہ پر کیسے لوں؟

- شروع کرنے کے لیے ٹرمینل سکرین کو چھوئیں
- اگر آپ کو انگریزی کے علاوہ کوئی زبان استعمال کرنی ہے تو پہلے ۔ زبان تبدیلی ۔ کے آئکن کو چھوئیں اور دوسری 17 زبانوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں
- ورنہ ۔ سائیکل کرائے پر لیں ۔ آئکن کو چھوئیں
- اس کے بعد ۔ پرائیویسی نوٹس ۔ کا صحفہ آتا ہے، جسے آپ کو قبول کرنا ہوتا ہے
- پھر آپ کو اپنا ادائیگی کارڈ سکرین کے نیچے موجود کارڈ ریڈر میں ڈالنے کا کہا جائے گا۔ یہ اس بات کی پڑتال کے لیے کیا جاتا ہے کہ آپ کے پاس پہلے سے معقول رسائی کا عرصہ موجود ہے، اور جیسے ہی تصدیق ہو گی، تو آپ کو کارڈ نکالنے کا کہا جائے گا۔
- ایک سکرین سامنے آئے گی جس پر سکیم کے متعلق اضافی معلومات ہوں گی، جسے آپ ۔ او کے ۔ کر سکتے ہیں
- اگر آپ کے پاس پہلے سے مستند رسائی کا دورانیہ نہیں ہے، تو آپ سے پوچھا جائے گا کہ آپ کو کس قسم کی رسائی کی ضرورت ہے ــ 24 گھنٹوں کی یا 7 دنوں کی
- پھر آپ کو آپ کی خریداری کی تصدیق کا کہا جائے گا (£1 24 گھنٹوں کے لیے یا £5 7 دنوں کے لیے)
- اس کے بعد سکیم کے قواعد و ضوابط آتے ہیں جنہیں آپ کو پڑھنا ہوتا ہے اور سکیم کو استعمل کرنے کے لیے تسلیم کرنا ہوتا ہے

پھر آپ کو اپنا ادائیگی کارڈ دوسری بار ڈالنے کا کہا جائے گا

– یہ اس لیے ہے کہ منتخب کردہ رسائی کے دورانیے کے لیے ادائیگی لی جا سکے

- اس طرح آپ رسید کے پرنٹ چن سکتے ہیں اور اس کا انتخاب کر سکتے ہیں کہ آپ کو سائیکل ابھی کرائے پر لینی ہے یا بعد میں
- یہ سکرین اس بات کی تصدیق کریگی کہ آپ کے رسائی کے دورانیے کا کتنا وقت باقی ہے اور، اگر آپ نے ابھی سائیکل کرائے پر لینے کا انتخاب کیا ہے تو یہ 5 ہندسوں کا سائیکل ریلیز کوڈ پرنٹ کرے گی

اشارہ:

ادائيگي مکمل ہوتے ہی - نہ کہ جب آپ پہلي بار سائیکل کرایہ پر لیتے ہیں - رسائي کے دورانیے کے گھڑي چلنا شروع ہوجاتي ہے۔

اشارہ:

ہر مرتبہ جب آپ اپنے منتخب کردہ رسائي دورانیے کے اندر ایک سائیکل کرایہ پر لیتے ہیں، آپکو ٹرمینل میں ایک ہي ادائيگي کا کارڈ داخل کرنا ہوتا ہے، کیونکہ سائیکل چھوٹنے کا کوڈ صرف ایک سفر کے لیے مستند ہوتا ہے - اور ہر سفر کے لیے نیا جاري کیا جاتا ہے۔ اور اگر آپ نے پرنٹ ہونے کے 10 منٹوں کے اندر سائیکل چھوٹنے کا کوڈ استعمال نہیں کیا تو آپ کو سائیکل لینے کے لیے نیا کوڈ ٹرمینل سے لینا ہوگا۔

آپ 1 اور 4 کے درمیان سائیکلوں کے لیے رسائي خرید سکتے ہیں ہر ایک کے لیے آپ کو متعلقہ رسائي فیس ادا کرنا ہوگي۔ اگر آپ نے 2، 3، 4 سائیکلوں کا انتخاب کیا ہے، پہلي سائیکل کے لیے چھوٹنے کا کوڈ پرنٹ ہونے کے بعد، آپ کو "ایک سائیکل کرایہ پر لیں" کا انتخاب کرکے اور کارڈ دوبارہ داخل کرکے کوڈ جاري ہونے کے لیے عمل دھرانے کي ضرورت ہوگي اس لیے، ایک مرتبہ 4 سائکلیں کرایہ پر لینے کے لیے، آپ کو 5 مرتبہ اپنا ادائيگي کارڈ داخل کرنے کي ضرورت ہوگي۔

اپنی سائیکل نکالنا

سائیکل نکالتے وقت:

- یہ جانچ لیں کہ اتصالی پوائنٹ کی کوئی لائٹس روشن نہیں اور اتصالی پوائنٹ کے کی پیڈ پر اپنا سائیکل ریلیز کوڈ درج کریں۔
- عنبر رنگ کی لائیٹ روشن ہو جائے گی جبکہ آپ کے اکاونٹ کی تصدیق ہو رہی ہوگی
- جیسے ہی لائیٹ سبز ہو جائے، تو سائیکل کو اتصالی پوائنٹ سے مضبوطی سے کھینچ کر نکال لیں
- براہ مہربانی سائیکل ریلیز کوڈ کی رسید کو ذمہ داری سے ضائع کریں

سائیکل بند کرتے وقت:

- کسی بھی خالی اتصالی پوائنٹ پر سائیکل واپس کریں اور اس کو مضبوطی سے جگہ کے اندر دھکیلیں۔
- جب تک لائیٹ سبز نہ ہو جائے، انتظار کریں، جو یہ بتائے گی کہ آپ نے کامیابی سے سائیکل بند کر دی ہے
- اگر وہاں پر کوئی اتصالی پوائنٹ دستیاب نہ ہوئے تو، ٹرمینل ٹچ سکرین چھے قریب ترین اتصالی سٹیشنز پر اتصالی پوائنٹ کی دستیابی بتا دے گی۔ 15 آپ اضافی منٹوں کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں، بغیر کسی اضافی قیمت کے، جن میں آپ سائیکل کسی دوسرے اتصالی سٹیشن پر واپس کر سکتے ہیں۔

اشارہ:

آپ اپنے منتخب کردہ دورانیے کے اندر 30 منٹ سے کم لامحدود سفر کرسکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے آپ بغیر کسي استعمال کے چارجز کي ادائیگي کے سارا دن سائیکل سواري کرسکتے ہیں، جب تک آپ دوسرے سائیکل لینے سے پہلے پانچ منٹ انتظار کرسکیں۔

سائیکلیں

ان سائیکلوں کی بناوٹ ایسی ہے جو ان کو چوری ہونے یا نقصان پہنچنے سے روکتی ہے۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ سائیکل کو محفوظ رکھیں جب کہ آپ اسے استعمال کر رہے ہیں۔ اگر آپ اسے نہیں چلا رہے، تو اسے واپس بند کر دیں۔

سائیکلوں کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جاتی ہے لیکن یہ بہتر ہے کہ جو سائیکل آپ چاہتے ہیں اس کو نکالنے سے پہلے اس کی جانچ پڑتال کر لیں۔ ہم باقاعدگی سے سائیکلوں کی پڑتال کرتے ہیں اور پوری سکیم میں دوبارہ تقسیم کرتے ہیں اور انہیں تبدیل کرتے ہیں جن کو مرمت کی ضرورت ہوتی ہے۔ کسی خلاف قیاس واقعہ میں اگر آپ کی سائیکل ٹوٹ جاتی ہے، فقط اس کو قریب ترین اتصالی سٹیشن پر واپس کر دیں اور اس کو واپس کرنے کے 10 سیکنڈ کے اندر سرخ فالٹ بٹن دبائیں۔

براہ مہربانی یہ ذہن نشین کرلیں کہ ہیلمٹ اور تالے مہیا نہیں کیے جاتے۔

اشاره: سائیکل واپس کرنے کے لیے کوئي اتصالي جگہ نہيں؟

جب آپ سائیکل واپس کرنے آئيں اور کوئي اتصالي جگہ نہيں ملتي، تو ٹرمينل سکرين پر جائيں اور "کوئي اتصالي جگہ خالي نہيں" آئيکون چھوئيں. یہ آپکو قريب ترين خالي اتصالي پوائنٹ کے بارے ميں رہنمائي کريگي اور آپ کو بغير کسي خرچ کے استعمال کے 15 منٹ فراہم کريگي. براہ کرم نوٹ کريں کہ اگر آپ نے ایک سے زائد سائیکل کرایہ پر لي ہے، تو یہ درخواست ہر واپس کي جانے والي سائیکل کے لیے کي جاني چاہیے۔

بارکلیزکرایہ کی سائیکلز کا ممبر بننا

اگر آپ لندن میں اچھا خاصا وقت گزارتے ہیں اور سکیم کا اکثر استعمال کرتے ہیں، تو آپ ممبر بننے کا کیوں نہیں سوچتے؟ آپ 24 گھنٹوں، 7 دنوں یا ایک سال کے لیے سائن اپ ہو سکتے ہیں۔ ممبرز کے لیے اخراجات وہی ہیں جو کہ وقتی صارفین کے لیے ہیں، البتہ آپ کو سالانہ رسائی صرف £45 میں خریدنے کا حق انتخاب حاصل ہوگا۔ آپ کو سائیکلز تک تیز رسائی کے لیے ممبرشپ کنجی (£3 کی ایک مرتبہ فیس) ملے گی۔ ٹرمینل پر قطار بنانے کی ضرورت نہیں ــ محض سائیکل نکالیں اور چلے جائیں۔

بارکلیز کرایہ کی سائیکل استعمالکنندگان کے لیے ضابطہ اخلاق

آپکو اپنے سفر اور لندن سے محظوظ ہونے میں مدد دینا

✓ ضرور کریں

1. دوسری گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں سے ضرور ہوشیار رہیں اور اپنے ارادے ظاہر کرنے کے لیے واضح اشارے دیں
2. ٹرکوں کے ارد گرد ضرور محتاط رہیں اور کبھی بھی ٹریفک بتیوں سے پہلے یا بتیوں کے اوپر ان کے بائیں طرف نہ گزریں۔
3. جب بھی ممکن ہو تو سائیکل کے لیے مخصوص لینوں کے استعمال کا ضرور خیال رکھیں

4. رات کے وقت انعکاسی یا فلوریت دار کپڑے پہن کر اپنے آپ کو دکھنے والا ضرور بنائیں
5. یہ ضرور پڑتال کریں کہ سائیکل سڑک پر چلنے کے قابل ہے (ٹائرز، بریکس، کاٹھی، گھنٹی)

6. چوری سے بچنے کے لیے اس بات کو ضرور یقینی بنائیں کہ سائیکل اچھی طرح بند کی گئی ہے
7. متروکہ سائیکلوں کے بارے میں کنٹیکٹ سنٹر پر کال کر کے ضرور اطلاع کریں (+44(0)20 8216 6666)

8. سائیکل ٹریننگ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے tfl.gov.uk/cycletraining ضرور دیکھیں
9. ہمیشہ ہائی وے کے قوانین کی ضرور پابندی کریں (direct.gov.uk/highwaycode)
10. سائیکل ہیلمٹ پہننے کا ضرور خیال رکھیں

✗ مت کریں

11. مت گزریں ٹریفک کی سرخ بتیوں سے ــ یہ خطرناک اور غیر قانونی ہے
12. سائیکل پیدل چلنے کے راستے پر مت چلائیں جب تک کہ اس پر مشترکہ راستے کا نشان نہ لگا ہو

13. یک طرفہ گلیوں پر غلط سمت میں سائیکل مت چلائیں جب تک یہ واضح نہ ہو کہ یہ سائیکل والوں کے لیے دو طرفہ راستہ ہے
14. گاڑیوں کے آگے مت نکلیں جب تک کافی جگہ موجود نہ ہو اور اس طرح کرنا محفوظ ہو۔
15. چلتی ہوئی گاڑیوں کے بہت نزدیک سائیکل مت چلائیں
16. رکی ہوئی کاروں کے بہت نزدیک مت جائیں ایسا نہ ہو کہ اچانک دروازے کھل جائیں

17. سائیکل چلاتے ہوئے موبائل یا ائیر فون مت استعمال کریں
18. الکحل یا نشہ آور ادویات کے زیراثرہوں تو سائیکل مت چلائیں
19. کرایہ کی سائیکل کو ویسے مت چھوڑیں ــ اگر آپ سائیکل نہیں چلا رہے تو اس کو بند کریں

20. سائیکل پر سواریاں یا جانور/ ٹوکری میں بھاری اشیاء مت لے کر جائیں

اور آخر میں، اگر آپ برطانیہ میں باہر سے آئے ہیں، بائیں جانب سائیکل چلانا یاد رکھیں

سکیم استعمال کرنے پر کتنا خرچ آتا ہے؟

سائیکل کرائے پر لینے کے لیے آپ کو دونوں رسائی کی فیس اور استعمال کے اخراجات ادا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ رسائی کے عرصہ کے انتخاب کے بعد، آپ لامحدود سفر کر سکتے ہیں ۔ اور یہ مت بھولیں کہ ہر واحد سفر کے پہلے 30 منٹ مفت ہیں۔

رسائی فیس

آپکو سکیم درج ذیل دورانیے کے لیے استعمال کرنے دیتی ہے	
24گھنٹے	£1
7دن	£5

ممبر صرف £45 کے لیے ایک سال کی رسائی خرید سکتے ہیں (مع£3 صرف ایک بارکے لیے کنجی اجراء کی فیس)

دیگر ادائیگیاں	
تاخیر سے واپسی کی ادائیگی	£150
نقصان کی ادائیگی	£300 تک
واپس نہ کرنے کی ادائیگی	£300

آپ منتخب کردہ رسائی کے دورانیے کے دوران جتنا چاہیں سفر کرسکتے ہیں۔

+

استعمال کے اخراجات

ہر سفر کے پہلے 30 منٹ مفت ہوتے ہیں۔ اس کے بعد، آپ استعمال کے اخراجات ادا کرینگے، جن کا حساب سائیکل لینے اور واپس کرنے تک کے دورانیے کے مطابق کیا جاتا ہے۔

منٹوں تک30	مفت
پھر	
گھنٹے تک ا	£1
گھنٹہ 30 منٹ تک ا	£4
گنٹھوں تک2	£6
گھنٹے 30 منٹ تک2	£10
گھنٹوں تک3	£15
گھنٹوں تک6	£35
گھنٹوں تک (زیادہ سے زیادہ استعمال) 24	£50

کیونکہ یہ سکیم مختصر سفر کے استعمال کے لیے بنائی گئی ہے، جتنا لمبا وقت آپ سائیکل رکھیں گے، اتنا ہی زیادہ آپ کو مہنگا پڑے گا۔

مت بھولیں

اگر آپ سواری نہیں کر رہے، تو سائیکل کو واپس بند کر دیں

اشارہ:

اگر آپ ایک وقت میں ایک سے زائد سائیکلیں کرایہ پر لینا چاہتے ہیں، آپکو ہر ایک کے لیے رسائی کی فیس اور استعمال کے اخراجات ادا کرنے ہونگے۔ ممبران کے اکاؤنٹوں کے ساتھ کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ وقتی ہائرنگ کے لیے کام نہیں کرینگے۔

ادائیگی کے حقوق انتخاب

تمام بڑے کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ تسلیم کیے جاتے ہیں۔ ٹرمینلز نقدی یا اویسٹر کارڈ تسلیم نہیں کرتے۔ رسائی خریدنے کے لیے آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہونی ضروری ہے، البتہ 14 سال یا اس سے اوپر والا کوئی بھی سائیکلز استعمال کر سکتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے

بارکلیز کرایہ کی سائیکلز، بشمول اتصالی سٹیشنوں کے مقامات، لائیو سائیکل کی دستیابی اور ممبر بننے کے طریقہ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے براہ کرم tfl.gov.uk/barclayscyclehire ملاحظہ کریں۔

بارکلیز کرایہ کی سائیکلز رابطہ مرکز:
0845 026 3630* یا +44 (0)20 8216 6666.

ویب سائیٹ
tfl.gov.uk

24 گھنٹے سفری معلومات
0843 222 1234*

بی ٹی لینڈ لائن سے کال کرتے ہوئے آپ فی منٹ 5p سے زائد ادا نہیں کرینگے۔ تاہم کنکشن چارج لاگو ہوسکتے ہیں۔ موبائلوں اور دیگر لینڈ لائن استعمال کنندگان کے چارجز مختلف ہوسکتے ہیں

آئٹم کوڈ 9911918

اشاعت کے وقت یہ معلومات درست تھیں، مزید معلومات کے لیے tfl.gov.uk سے رابطہ کریں۔